پریس ریلیز

گوجرانوالہ 10 جون 2024ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے بین المسالک ہم آہنگی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام رواداری، محبت، اتحاد اور اخوت و یگانگت کا سبق دیتا ہے اس لئے ہمیں چاہیئے کہ ہر قسم کی افراتفری اور باہمی جھگڑوں سے محفوظ رہا جائے ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آفس میں بین المسالک ہم آہنگی کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر مولانا زاہد الراشدی، پروفیسر سعید کلروی، بابر رضوان باجوہ کے مختلف مسالک سے تعلق رکھنے والے علماء کرام کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ ہمیں آپس کے باہمی جھگڑوں اور مذہبی منافرت پھیلانے والوں کے شر انگیز پراپیگنڈے سے اجتناب کرنا چاہیئے ۔اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ پاکستان میں جتنی امن و امان کی صورتحال بہتر ہوگی ہمارا ملک اتنا ہی ترقی کے ذینے طے کرے گا۔انہوں نے کہا کہ مملکت پاکستان میں امن سلامتی اور ترقی کیلیئے ہم سب ایک ہیں اور اس کی ترقی کے لئے ہر افراد اپنی اپنی سطح پر ہر ممکن اقدام کریگا۔